# اسائلم سیکرریسورس سینٹر میں خوش آمدید




## پناہ مانگنا انسانی حق ہے

Level 2, 214-218 Nicholson St,
Footscray, VIC 3011

03 9326 6066

asrc.org.au

**ASRC**
اسائلم سیکر ریسورس سینٹر

## ہم تک کیسے پہنچیں:

### 1. ASRC FOOTSCRAY میں تشریف لائیں

**ہم بغیراپائنٹمنٹ کے قانونی مدد پیش نہیں کرتے۔**
ہماری قانونی ٹیم تک پہنچنے کے لیے براہ کرم کال کریں: **03 9274 9889**

**پتہ:** Level 2, 214-218 Nicholson Street, Footscray
**دن:** سوموار، منگل، جمعرات، جمعہ
**سنٹرکے اوقات کار:** 10.00بجے صبح - 4.00 بجے شام
(اگر آپ ASRC میں نئے ہیں، تو ہم جلد آنے کی سفارش کرتے ہیں)

### 2. مزید معلومات حاصل کریں

**ویب سائیٹ:** http://asrc.org.au/get-help/
**فون:** 03 9326 6066 (زیادہ مانگ کی وجہ سے، ہم ہمیشہ فون کا جواب نہیں دے سکتے)

## آپ کو کیا لانے کی ضرورت ہے:

### ان دستاویزات میں سے جتنی دستاویزات ممکن ہوں:

- ویزا دستاویزات
- شناختی دستاویزات
- بینک اسٹیٹمنٹس (خوراک، رہائش، مالی امداد اور فارمیسی سپورٹ کے لیے)
- یوٹیلٹی بلز (مالی امداد کے لیے)
- کرایہ داری کی دستاویزات (ہاؤسنگ سپورٹ کے لیے)
- طبی دستاویزات (رہائش اور صحت کی معاونت کے لیے)

**ASRC کمیونٹی میں شامل ہونے کا شکریہ۔**

**ASRC ایبوریجنل اور ٹورس اسٹریٹ آئی لینڈرلوگوں کو ان سرزمینوں کے قدیمی باشندوں اور روایتی محافظوں کے طور پر تسلیم کرتا ہے جہاں ہم رہتے ہیں، سیکھتے ہیں اور ہر روز کام کرتے ہیں۔ ہم ان کا، ان کے رسوم و رواج، ان کی ثقافت، اور ماضی اور حال کے بزرگوں کا احترام کرتے ہیں۔ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ فرسٹ نیشنز اپنی خودمختاری اور زمینوں سے کبھی سبکدوش نہیں ہوئے۔ یہ سرزمین ہمیشہ سے ایبوریجنل سرزمین تھی اور ہمیشہ سے ایبوریجنل سرزمین رہے گی۔ فرسٹ نیشنز کے ساتھ انصاف کے لیے ہماری وابستگی کے حصے کے طور پر، ہم وکٹوریہ کے لیے معاہدے کی حمایت کرتے ہیں۔**

ASRC
LGBTQIA+
شمولیت کا قائل ہے

## ہم کون ہیں؟

### 1. غیر سرکاری

ہم وفاقی حکومت سے کوئی فنڈنگ نہیں لیتے۔

### 2. غیر منافع بخش

ہم خدمات کو چلانے اور فراہم کرنے کے لیے **کمیونٹی** کے **عطیات** پر انحصار کرتے ہیں۔ ہم جو بھی اضافی منافع کماتے ہیں وہ ہماری خدمات میں **دوبارہ لگا دیا** جاتا ہے۔

### 3. ہیومن رائٹس آرگنائزیشن

ہم آسٹریلیا کی انسانی حقوق کی **سب سے بڑی** تنظیم ہیں جو پناہ کے متلاشی لوگوں کو **مدد** فراہم کرتی ہے۔

## ہم کس چیز پر یقین رکھتے ہیں؟

### 1. انصاف پسندی

ہم آسٹریلیا میں پناہ کے متلاشی لوگوں کے **حقوق** کی **حمایت** کے لیے وقف ہیں۔

### 2. انصاف

ہم وفاقی حکومت کی **غیر منصفانہ پالیسیوں کو تبدیل** کرنے کے لیے کام کرتے ہیں۔

### 3. شمولیت

ہم **پناہ** کے متلاشی لوگوں کے **حقوق** کوتقویت دیتے ہیں اور **کمیونٹی کے ساتھ** مل کر مہم چلاتے ہیں۔

## ہم کس کی مدد کرتے ہیں؟

### پناہ کے متلاشی لوگ

ہماری خدمات ان لوگوں کی مدد کرتی ہیں جو آسٹریلوی کمیونٹی میں **پناہ کی تلاش** میں ہیں۔ ہم اُن لوگوں کو امدادی خدمات بھی فراہم کرتے ہیں جنہیں آسٹریلوی حکومت نے **سرحدوں کے باہر سے حراست میں لیا ہے**۔

### ان کے حقوق تک رسائی میں سب سے بڑی رکاوٹوں کے معاملے میں

جب کہ ہمارا مقصد **زیادہ سے زیادہ لوگوں کی مدد کرنا ہے**،طلب کی سطح ہمیشہ ایک خیراتی تنظیم کے طور پر **ہمارے پاس موجود وسائل سے زیادہ** ہوتی ہے۔ اس لیے ہم اپنی خدمات کے لیے ان لوگوں کو **ترجیح دیتے ہیں** جنہیں اپنے حقوق کے حصول کے لیے **سب سے بڑے چیلنج** درپیش ہوں۔

## ہم کیا کرتے ہیں؟

### معلومات اور مشورہ

ہم آپ کی ضروریات کے جواب میں معلومات فراہم کرتے ہیں اور دیگر خدمات سے منسلک ہونے کے لیے آپ کی مدد کرتے ہیں۔ *اس تک رسائی کے لیے ہماری استقبالیہ ٹیم سے بات کریں۔*

### فوڈ بینک

ہم خوراک اور ضروری اشیاء تک رسائی فراہم کرتے ہیں۔ ان تک رسائی کے لیے ہماری استقبالیہ ٹیم سے بات کریں۔

### قانونی خدمات

ہم قانونی مشورہ/مدد پیش کرتے ہیں۔
ہم بغیراپائنٹمنٹ کے آنے والوں کو قبول نہیں کرتے۔
**فون: 03 9274 9889**
***پیر، منگل، جمعرات اور جمعہ 10:00 بجے صبح - 12.30 بجے دوپہر***

### شدید ضرورت کے لیے معاونت

ممکن ہے کہ ہم کچھ لوگوں کو مالی امداد اور قلیل مدتی ہاؤسنگ سپورٹ تک رسائی فراہم کرسکیں۔ ان تک رسائی کے لیے ہماری استقبالیہ ٹیم سے بات کریں۔

### وکالت

سیاسی پناہ کے متلاشی لوگوں کے حقوق کے لیے لڑنا، بشمول کام کے حقوق، مطالعے کے حقوق، ویزا کا منصفانہ عمل اور یونیورسل سیفٹی نیٹ۔

### کمیونٹی کے لیے کھانے

ہم ***پیر، منگل، جمعرات اور جمعہ 12.30 بجے دوپہر - 1.30 بجے دوپہر*** تک پناہ کے متلاشی تمام لوگوں کے لیے گرم کھانے فراہم کرتے ہیں

### صحت کی خدمات

ہم آپ کو جنرل پریکٹیشنر/ڈاکٹر، فارمیسی، حفاظتی ٹیکہ جات، الائیڈ ہیلتھ، دماغی صحت، آنکھوں کی دیکھ بھال، خواتین کی صحت اور ریفرل خدمات سے جوڑ سکتے ہیں۔
**فون: 03 9274 9898**

### روزگار اور تعلیم

ہم روزگار، تعلیم اور تربیت کے لیے معاونت پیش کرتے ہیں۔
ان تک رسائی کے لیے ہماری استقبالیہ ٹیم سے بات کریں۔

### خواتین کو بااختیار بنانا

ہم پناہ کی متلاشی خواتین کی معاونت کرتے ہیں تاکہ وہ ایسی مہارتیں اور نیٹ ورک بنائیں جن سے ان کی سماجی اور اقتصادی شمولیت کو تقویت ملے۔
**فون: 03 9274 9826**

## آپ ہم سے کیا توقع کر سکتے ہیں:

1. **خوش آمدید کہنے والی، کمیونٹی** اور **مدد**کی جگہ
2. **معلومات** تک رسائی
3. آپ کی **جسمانی، ذہنی** اور **سماجی بہبود** کے لیے معاونت
4. **مستند، دلیرانہ** اور **باہمی تعاون** پر مبنی مدد